
# عمومی کھیلوں کی ترجیحات

تقریباً نصف **46%** پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُنہیں کھلاڑی بننے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے؛ جبکہ وہ افراد جنہوں نے اس حوالےسے دلچسپی ظاہر کی ، اُن میں کرکٹ سب سےاولین ترجیح رہی **28%** ، مردحضرات کے مقابلے نمایاں طور پر خواتین میں ا س حوالےسے کم دلچسپی پائی گئی۔

فرض کریں کہ اگر آپ کھلاڑی بن سکتے/سکتی تو آپ مندرجہ ذیل میں سے کیا بنتے/بنتی؟




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## کھیل

### عمومی کھیلوں کی ترجیحات

**تقریباً نصف (46%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُنہیں کھلاڑی بننے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے؛ جبکہ وہ افراد جنہوں نے اس حوالے سے دلچسپی ظاہر کی، اُن میں کرکٹ سب سے اولین ترجیح رہی (28%)، مرد حضرات کے مقابلے نمایاں طور پر خواتین میں اس حوالے سے کم دلچسپی پائی گئی۔**


(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)
(اسلام آباد)، 07 اپریل 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً نصف (46%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُنہیں کھلاڑی بننے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ جبکہ وہ افراد جنہوں نے اس حوالے سے دلچسپی ظاہر کی، اُن میں کرکٹ سب سے اولین ترجیح رہی، جس میں جوابدہندگان کی 28% شرح نے کرکٹ کے کھلاڑی بننے کا انتخاب کیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"فرض کریں کہ اگر آپ کھلاڑی بن سکتے/سکتی تو آپ مندرجہ ذیل میں سے کیا بنتے/بنتی؟"**۔ اس کے جواب میں، 46% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ "کوئی نہیں"، جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ پاکستانیوں کی ایک واضح شرح کھلاڑی بننے میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتی۔ وہ افراد جنہوں نے اس حوالے سے مخصوص کھیلوں میں دلچسپی ظاہر کی، اُس میں 28% نے "کرکٹ کے کھلاڑی" بننے کا انتخاب کیا، اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح "ٹینس کے کھلاڑی" بننے کی 4% رہی، "مارشل آرٹس کے کھلاڑی" بننے کی 3%، "ریسلر" بننے کی 2%، اور "جمناسٹکس کے کھلاڑی" بننے کی شرح 2% رہی، جبکہ صرف 1% نے "اسکواش کے کھلاڑی" بننے کا انتخاب کیا۔ مزید 7% جوابدہندگان نے "دیگر" کھیلوں کا ذکر کیا، جبکہ دیگر 7% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ اگرچہ کرکٹ پاکستان میں سب سے زیادہ پسندیدہ کھیل کے طور پر اپنی مقبولیت برقرار رکھے ہوئے ہے، لیکن مجموعی طور پر پیشہ ور کھلاڑی بننے کے حوالے سے دلچسپی محدود ہے۔ آبادی کا ایک بڑا حصہ کھیل کو ذاتی یا بطور پیشہ اختیار کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتا۔

**"فرض کریں کہ اگر آپ کھلاڑی بن سکتے/سکتی تو آپ مندرجہ ذیل میں سے کیا بنتے/بنتی؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 787 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج**: جنس کے اعتبار سے نتائج دلچسپی کے حوالے سے واضح فرق ظاہر کرتے ہیں۔ خواتین کی 55% شرح کا یہ کہنا ہے کہ اُنہیں کھلاڑی بننے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے، جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح 39% پائی گئی۔ مرد حضرات میں کرکٹ کے حوالے سے زیادہ دلچسپی پائی گئی، جہاں 31% شرح نے کرکٹ کے کھلاڑی بننے کا انتخاب کیا، جبکہ خواتین میں یہ شرح 24% رہی۔ اس کے برعکس، خواتین میں ٹینس کی طرف تھوڑا زیادہ رجحان دیکھا گیا (5%) جبکہ مردوں میں یہ شرح 3% رہی۔ مزید برآں، مردوں میں "دیگر" کھیلوں کو منتخب کرنے کا رجحان خواتین (3%) کے مقابلے میں زیادہ رہا (11%)۔

یہ رجحان ظاہر کرتا ہے کہ مردوں میں کھیلوں میں حصہ لینے کی خواہش نسبتاً زیادہ ہے، خاص طور پر کرکٹ کے حوالے سے، جبکہ خواتین کی ایک بڑی تعداد مکمل طور پر اس سے دستبردار نظر آتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 07 April 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)